علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

-1 اگرآپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یاآپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے توآپ سرٹیفیکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کاعلم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کااوقات نامہ

6کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر2	06-07-2026	مشق نمبر1	06-07-2026
مشق نمبر3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر4	20-08-2026	مشق نمبر2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول(رہنمائے طلبہ)علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس:المختصر للقدوری(241) سمسٹر: بہار،2026ء

سطح: میٹرک(درسِ نظامی) کریڈٹ: مکمل

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک،ایف اے،بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدرافزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب،سٹڈی گائیڈ یادیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر حافظ سعیدالرحمن

اسسٹنٹ پروفیسر،شعبہ سیرت سٹڈیز

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 1** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:1-5)

سوال نمبر 1- امام قدوریؒ کا تعارف قلم بند کریں۔(نام، نسب، کنیت، لقب، پیدائش، پرورش، خاندان، تحصیل علم، اساتذہ، شاگرد، علمی مقام، تصنیفات اور وفات) (20)

سوال نمبر 2- نواقض وضو سے کیا مراد ہے؟ مختصر القدوری کی روشنی میں نواقض وضو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- نماز کے اوقات مختصر القدوری کی روشنی میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- سجدہ سہو سے کیا مراد ہے؟اس کا طریقہ کار اور اسے واجب کرنے والے اسباب تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5- جمعہ کون سی جگہ پڑھا جا سکتا ہے؟ نیز جمعہ کی شرائط تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 2** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:6-9)

سوال نمبر 1- چاندی، پھلوں اور کھیتی کی زکوۃ کی شرح کیا ہے اور کس طرح ادا کی جاتی ہے؟ مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2- حج کی تعریف تحریر کرتے ہوئے اس کی اقسام تحریر کریں۔ نیز حج تمتع پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- جنایات سے کیا مراد ہے؟ جنایات اور ان پر آنے والے دم کی تفصیلات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- احصار کے احکام لکھیں۔ نیز حج فوت ہونے کی صورت میں اس کی قضا کیسے کی جائے گی؟ (20)

سوال نمبر 5- کن لوگوں کو زکوۃ دی جا سکتی ہے؟ مستحقین زکوۃ پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 3** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:10-14)

سوال نمبر 1- بیع کی لغوی واصطلاحی تعریف لکھتے ہوئے بیع کے ارکان اور شرائط مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2- مختصر القدوری میں بیع صرف کے احکام مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- شفعہ سے کیا مراد ہے؟اس کی اقسام اور متعلقہ احکام لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4- مختصر القدوری کی روشنی میں ضاربہ اور اس کے احکام پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- کفالہ اور حوالہ میں کیا فرق ہے؟ نیز کفالہ اور اس کے احکام پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 4** کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:15-18)

سوال نمبر 1- غصب کا مفہوم واضح کرتے ہوئے اس کے احکام مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2- لقطہ اور لقلیط میں کیا فرق ہے؟ نیز ان دونوں کے احکام پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- مختصر القدوری کی روشنی میں "کتاب العاریۃ" کا ترجمہ اور مختصر تشریح تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- "احیاء الموات" سے کیا مراد ہے؟اس کے احکام مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5- مزارعت اور مساقات میں کیا فرق ہے؟ مساقات کے احکام مفصل لکھیں۔ (20)